**نوزائیدہ بچوں اور دورانِ زچگی اموات کی رپورٹس: ستمبر 2025**

2024 میں، ہم نے یہ شناخت کرنے کے لیے دو آزادانہ جائزوں کا اغاز کیا کہ زچگی کے دوران سات اموات (2017–2023) اور 44 نوزائیدہ بچوں کی اموات (2020–2023) سے ہم مزید کیا سیکھ سکتے ہیں

**جائزوں کا پس منظر**

حالیہ سالوں میں، گلوسٹرشائر سمیت زچگی کی نگہداشت کی بغور نگرانی کی گئی ہے اور یہ یقینی بنانے کے لیے اس کا جائزہ لیا گیا ہے کہ لوگوں کو بہترین ممکنہ نگہداشت موصول ہو۔

- اپریل 2022 میں نگہداشت کے معیار کے کمیشن (CQC) کے معائنے کے بعد، ہماری زچگی کی سروسز کی درجہ بندی 'ناکافی' کے طور پر کی گئی اور ایک انتباہی نوٹس جاری کیا گیا۔ مارچ 2024 میں ایک فالو اپ معائنہ گلوسٹرشائر کے لیے ایک مزید انتباہ اور اسٹراؤڈ زچگی یونٹ کے لیے "بہتری درکار ہے" کی درجہ بندی کا باعث بنا۔

- علاوہ ازیں، جنوری 2024 میں نشر ہونے والے ایک BBC پینوراما دستاویزی پروگرام میں 2017 اور 2021 کے درمیان ہمارے ٹرسٹ میں زچگی کی نگہداشت سے متعلق خدشات کا اظہار کیا گیا، جس میں عملے کی بھرتی کے چیلنجز اور خاندانوں اور عملے کے تجربات شامل تھے۔

ہم نے اپنے خاندانوں اور عملے کی رائے کو سنا اور اس سے ہمیں اپنی زچگی کی سروسز کو بہتر بنانے کے لیے نمایاں پیش رفت کرنے میں مدد ملی۔ تاہم، یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم اپنے خاندانوں کے لیے اعلیٰ معیار، محفوظ نگہداشت فراہم کرنے کے لیے ہر ممکنہ اقدام کر رہے ہیں، ہم نے مزید سیکھنے اور بہتریوں کی شناخت کرنے کے لیے دو آزادانہ جائزوں کا آغاز کیا۔

**رپورٹس**

- [نوزائیدہ بچوں کی شرحِ اموات کا جائزہ]
- [زچگی کے دوران اموات کا جائزہ]

اگر آپ ان رپورٹس کو کسی اور زبان میں پڑھنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم [ہماری Pals ٹیم سے رابطہ کریں]

**جائزوں کا خلاصہ**

یہ شناخت کرنے کے لیے دو آزادانہ جائزوں کا اغاز کیا گیا ہے کہ زچگی کے دوران سات اموات (2017–2023) اور 44 نوزائیدہ بچوں کی اموات (2020–2023) سے ہم مزید کیا سیکھ سکتے ہیں۔ ان جائزوں کے نتائج جون اور جولائی 2025 میں موصول ہوئے تھے اور ہم شامل افراد اور خاندانوں کے ساتھ بالمشافہ ملاقاتوں اور مسلسل معاونت کے ذریعے رابطے میں رہے ہیں۔

ان جائزوں نے خاندانوں کی ایک معمولی تعداد کے لیے ہماری جانب سے فراہم کردہ نگہداشت میں کچھ ناکامیوں کو نمایاں کیا، اور ہم انتہائی معذرت خواہ ہیں۔ ہم خاندانوں اور عملے کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے مکمل طور پر پُرعزم ہیں تاکہ یہ سنا، سمجھا اور یقینی بنایا جا سکے کہ ہماری سروسز ہر اس مریض کے لیے محفوظ اور ہمدردانہ ہیں کہ جس کی ہم نگہداشت کرتے ہیں۔

ہم نے کام پر مبنی ایک معقول پروگرام کا آغاز کیا ہے تاکہ یہ شناخت کی جا سکے کہ کہاں پر پہلے ہی بہتریاں کر دی گئی ہیں اور کہاں مزید کارروائی کی ضرورت ہے۔ بہتری کی غرض سے باقی رہ جانے والے شعبوں کے لیے ایک مستحکم منصوبے کا نفاذ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، ہماری ترجیح ان رپورٹس میں شامل خاندانوں کے ساتھ مسلسل مشغول رہنا ہے تاکہ ہم اپنی ناکامیوں کو تسلیم کر سکیں، ان کے تجربات اور خدشات کو سن سکیں اور یہ یقینی بنا سکیں کہ وہ ہماری جانب سے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے پُراعتماد محسوس کرتے ہیں۔

**کلیدی بہتریاں**

چونکہ ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ مزید اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، لہٰذا ہم نے زچگی کی سروسز میں خاطر خواہ پیش رفت کی ہے، جس میں دائیوں اور زچگی کے عملے کی بھرتی، بہتر کردہ گورننس، زچگی کے نوٹس تک الیکٹرانک رسائی، اور خطرے کی بہتر کردہ جانچیں شامل ہیں۔ مخصوص بہتریوں میں درج ذیل شامل ہیں:

- عملے کی بھرتی کی سطح میں اضافہ، جس میں اپریل 2022 سے 25 اضافی دائیوں اور زچگی کے 6 ماہرین کی مساوی تقرری شامل ہے
- قیادت کی نئی ساخت اور مضبوط تر گورننس
- ادارے کے عملے کے لیے بھرتی کا بہتر کردہ عمل
- خواتین اور خاندانوں کے لیے زچگی کے نوٹس تک الیکٹرانک رسائی
- خطرے کی جانچ اور وضع حمل کے بعد خون کے شدید اخراج میں کمی کرنے کے لیے جدید ترین اور بہترین طریقہ کار پر عمل کرنا
- خون کے لوتھڑوں کے خطرے کی جانچوں کو بہتر کرنا
- ہمارے داخلی آزادی اظہار رائے کی سروس کو مستحکم بنانا
- خاندانوں اور عملے کے لیے مختلف اقسام کی معاونت فراہم کرنا

ان جائزوں کا اشتراک شامل افراد اور خاندانوں کے ساتھ کیا گیا ہے اور ان کا فیڈبیک ہمارے فہم اور اقدامات کا تعین کرنے کا باعث بنا ہے۔ ہم ہر گفتگو سے مسلسل سنتے اور سیکھتے ہیں؛ ہمارے عملے نے شامل خاندانوں کے ساتھ گفتگو کے ذریعے کچھ مؤثر خیالات کا اظہار کیا ہے اور ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ہر ملاقات نئی بصیرتیں فراہم کرتی ہے اور ہماری نگہداشت کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہے۔

ہم اپنی زچگی اور نوزائیدہ امور کی شراکتی مجلس (MNVP) اور اپنی مقامی کمیونٹی کے ساتھ مل کر ہماری مستقبل کی سروسز کو مشترکہ طور پر ڈیزائن کر رہے ہیں۔ صحت کی ضروریات کی جانچ، جس کی رہنمائی مربوط نگہداشتی بورڈ کے ذریعے کی جاتی ہے، جس میں خواتین، وضع حمل سے گزرنے والے افراد، خاندان، عملہ، اور کمیونٹی پارٹنرز شامل ہیں۔ اس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ مستقبل کی سروس کی ترقی تمام افراد کے تجربات کی عکاسی کرتی ہے اور ہماری مقامی آبادی کی ضروریات کو پورا کرتی ہے۔

ان دو جائزوں کو قبل و بعد از پیدائش شرحِ اموات کے ایک جائزے کے طور پر 11 ستمبر 2025 کو ہونے والی ہماری بورڈ میٹنگز میں پیش کیا جائے گا اور انہیں ہماری زچگی کی بہتری کی ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا۔ ہم شفافیت، جواب دہی اور مسلسل بہتری کے لیے ہمیشہ پُرعزم ہیں۔

ہم پہلے ہی چیزوں کو مختلف انداز میں انجام دے رہے ہیں اور ہمارے نئے سسٹمز تبدیلی کا باعث بن رہے ہیں، لیکن ابھی مزید اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم پُرعزم ہیں کہ ہماری سروسز کی تشکیل کے حوالے سے ہماری سروس کے صارفین، ان کے خاندانوں اور عملے کی رائے کو مسلسل سنا اور شامل کیا جائے۔

**تعریفیں**

**زچگی کے دوران موت**: زچگی کے دوران موت کی تعریف حمل کے دوران اور حمل کے اختتام کے بعد 42 ایام تک خاتون کی موت کے طور پر کی جاتی ہے۔

**نوزائیدہ بچوں کی موت**: نوزائیدہ بچوں کی موت اس بچے کی موت کو کہا جاتا ہے کہ جو حمل کے کسی بھی مرحلے پر پیدا ہو، اور زندہ رہے، اگرچہ مختصر عرصے کے لیے، لیکن پیدا ہونے کے چار ہفتوں (28 ایام) کے اندر اس کا انتقال ہو جائے۔

- **براہ کرم نوٹ کریں** کہ نوزائیدہ بچوں کی اموات سے متعلق ہمارے جائزے میں کچھ صورتیں نوزائیدہ بچوں کی موت کی رسمی تعریف میں شامل نہیں ہیں۔ یہ وسیع تر دائرہ کار اس امر کو یقینی بنانے کے لیے منتخب کیا گیا ہے کہ سیکھنے کے کسی بھی ممکنہ موقع کا احاطہ اور عکاسی مناسب طور پر کی جا سکے

**زچگی کے دوران شرحِ اموات کا جائزہ**

آزادنہ بیرونی جائزے میں تحفظ سے متعلقہ واقعات کی نظم کاری کے ہمارے طریقوں کی جانچ کی گئی اور 2017 اور 2023 کے درمیان زچگی کے دوران ہونے والی سات اموات سے کسی بھی قسم کے موضوعات اور سیکھنے کے مواقع کی شناخت کی گئی۔

جائزے میں زچگی کے کلینیکل گورننس سسٹمز سمیت بہتریوں کی سفارشات کی گئیں۔ ان میں سے کئی سفارشات کو پہلے ہی نافذ کیا جا چکا ہے۔

**سفارشات اور پیش رفت**

**وریدی تھرومبوایمبولزم (VTE): خون کے لوتھڑوں سے بچاؤ اور ان کا علاج**

- **سفارش:** زیادہ خطرے سے دوچار خواتین کے مناسب علاج اور نگرانی کے لیے مناسب اور بروقت ریفرل کو یقینی بنایا جائے، اور یہ کہ مستقبل میں حمل کی صورتوں کے لیے پلانز کو دستاویزی شکل دی جائے اور دیگر فراہم کنندگان کے ساتھ ان کا اشتراک کیا جائے۔
- **پیش رفت:** حمل اور بعد از پیدائش نگہداشت کے دوران خطرے کی جانچ کی جاتی ہے، جبکہ ضرورت کے مطابق احتیاطی تدابیر پر مبنی مخصوص علاجوں کی تجویز دی جاتی ہے۔ مریض کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تعمیل کی نگرانی کی جاتی ہے۔

**زچگی کے وقت خون کا شدید اخراج: وضع حمل کے بعد خون کے اخراج کی نظم کاری کرنا**

- **سفارش:** وضع حمل کے بعد خون کے شدید اخراج میں کمی کرنے کے لیے جدید ترین اور بہترین طریقہ کار پر عمل کیا جائے، جو اب نافذ کر دیا گیا ہے۔
- **پیش رفت:** وضع حمل کے بعد خون کے شدید اخراج میں کمی کرنے کے لیے قومی سطح پر منظور شدہ جدید ترین اور بہترین طریقہ کار کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ خطرے سے دوچار خواتین کی شناخت کرتا ہے، خون کے مسلسل ضیاع کی پیمائش کرتا ہے، اور تیز تر ردعمل کی معاونت کرتا ہے، جس سے انتقالِ خون اور ہسپتال میں طویل قیام سے بچنے میں مدد ملتی ہے۔

**کاؤنٹی میں حمل کے دوران نگہداشت**

- **سفارش:** یہ یقینی بنایا جائے کہ ایسی حاملہ خواتین کہ جنہیں پہلے سے کوئی طبی عارضہ، یا ایسا سماجی خدشہ لاحق ہو کہ جو حمل پر اثرانداز ہو سکتا ہے، وہ بروقت اور مؤثر نگہداشت تک رسائی حاصل کر سکیں اور نگہداشت کے فراہم کنندگان کے درمیان معلومات کے بہتر اشتراک کو یقینی بنایا جائے۔
- **پیش رفت:** طبی اور سماجی خطرے کے عوامل سے دوچار حاملہ خواتین کی بروقت، خصوصی نگہداشت کے ذریعے معاونت کی جاتی ہے اور محفوظ تر نتائج کو یقینی بنانے کے لیے فراہم کنندگان کے درمیان معلومات کا بہتر کردہ اشتراک کیا جاتا ہے۔

**نوزائیدہ بچوں کی شرحِ اموات کا جائزہ**

بیرونی جائزے میں 2020 اور 2023 کے درمیان ہونے والی 44 نوزائیدہ بچوں کی اموات سے متعلق موضوعات اور سیکھنے کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ برطانیہ میں دوران حمل یا اس کے فوراً بعد خواتین اور بچوں کی اموات کی تحقیق کرنے والی قومی ٹیم MBBRACE کے ڈیٹا سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس مدت کے دوران ٹرسٹ کی کارکردگی کی شرح انگلینڈ کی اوسط سے کم تھی اور زچگی کے ان دیگر یونٹس کے برابر تھی کہ جہاں سالانہ 4,000 سے زیادہ بچے پیدا ہوتے ہیں۔

کئی سفارشات کے علاوہ، جائزے سے معلوم ہوا کہ ان نو اموات میں، نگہداشت کے ایسے مواقع ضائع ہوئے کہ جو ممکنہ طور پر ان کے بچے کے لیے نتائج کو تبدیل کر سکتے تھے۔

**سفارشات اور پیش رفت**

**کلینیکل گورننس اور دستاویزات کو بہتر کرنا**

- **سفارش:** زچگی کی تمام سروسز میں مریضوں کے الیکٹرانک ریکارڈ (EPR) کا نفاذ کیا جائے
- **پیش رفت:** زچگی کے شعبے میں مریضوں کا ڈیجیٹل الیکٹرانک ریکارڈ موجود ہے اور نوزائیدہ بچوں کی سروسز کے لیے اس کے دائرے کا تعین کیا جا رہا ہے۔
- **سفارش:** جنین کی نگرانی، خطرے کی جانچوں اور تمباکو نوشی کی روک تھام کی تعمیل کے لیے حقیقی وقت پر مبنی آڈٹ ڈیش بورڈز نصب کیے جائیں۔
- **پیش رفت:** ہم نے ان تمام شعبوں میں ڈیش بورڈز نصب کیے ہیں اور تعمیل کی نگرانی کی جا رہی ہے۔
- **سفارش:** قبل و بعد از پیدائش ہونے والے شرحِ اموات کے جائزے کے لیے بیرونی نگرانی کو لازمی قرار دیا جائے
- **پیش رفت:** ہم نے بیرونی ارکان کا تقرر کیا ہے جو ہمارے جائزوں میں شرکت کرتے ہیں۔

**قبل از وقت خطرے کی جانچ اور قبل از وقت پیدائش کے طریقوں کو بہتر کرنا**

- **سفارش:** قبل از وقت پیدائش کے لیے واضح ریفرل کے معیار کے حامل مخصوص کلینک کا آغاز کریں
- **پیش رفت:** ہم نے 2022 سے قبل از وقت پیدائش کی سروس کا آغاز کر دیا ہے۔
- **سفارش:** تمام خواتین کے لیے نوزائیدہ بچوں سے متعلق منظم کاؤنسلنگ کی ضرورت ہے
- **پیش رفت:** ہم نے نوزائیدہ بچوں سے متعلق کاؤنسلنگ کے لیے منظم طریقے تشکیل دیے ہیں۔
- **سفارش:** حمل کے دوران محفوظ ماحول میں منتقلی (IUT) کے لیے فیصلہ سازی پر مبنی پروٹوکول تیار کریں۔
- **پیش رفت:** ہم ایک نئے علاقائی سسٹم کا تجربہ کرنے جا رہے ہیں اور توقع کی جاتی ہے کہ اس سے ہمارے طریقہ کار میں بہتری آئے گی۔

**زچگی کے دوران اور نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت کی تعمیل کو مستحکم بنانا**

- **سفارش:** سالانہ کثیر الشعبہ جاتی کارڈیوٹوکوگراف (CTG) ٹریننگ اور اہلیت کی جانچوں کو لازمی قرار دیا جائے
- **پیش رفت:** ہم نے CTG ٹریننگ کو لازمی قرار دیا ہے اور اس میں عملے کی شرکت کی شرح بہت زیادہ ہے اور اس کی بنیاد قومی مسابقتوں پر رکھی گئی ہے۔
- **سفارش:** زمرہ 1&2 کے حامل سیزرین سیکشنز کے لیے فیصلہ سازی میں معاونت کرنے والے ٹولز کو بہتر بنایا جائے
- **پیش رفت:** ہم دستیاب ٹولز کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ سروس کے لیے اختیارات پر غور کیا جا سکے۔
- **سفارش:** زچگی کے دوران تمام معاملات میں غیر جانبدارانہ جائزوں اور حقیقی وقت پر مبنی اندراج کی ضرورت ہے
- **پیش رفت:** ہم نے گھنٹہ وار جائزوں کا نفاذ کیا ہے اور اس عمل کی بھرپور طریقے سے تعمیل کی جا رہی ہے۔
- **سفارش:** نوزائیدہ بچوں کی صحت کی بحالی کی دستاویزات کو منظم ٹمپلیٹس کے ذریعے معیاری بنایا جائے
- **پیش رفت:** ہم نے اپنے ڈیجیٹل EPR اور اپنے کاغذی ریکارڈز کے لیے ٹمپلیٹس کو معیاری بنایا ہے۔

**نوزائیدہ بچوں کے فالو اپ کے لیے بعد از پیدائش حفاظتی اقدامات کو بہتر کرنا**

- **سفارش:** کمیونٹی میں موجود بیمار نوزائیدہ بچوں کے لیے ریفرل کا طریقہ کار وضع کیا جائے
- **پیش رفت:** ہمارے پاس ریفرل کا ایک واضح طریقہ کار موجود ہے اور اپنے عملے کے لیے اس کی آگاہی کو مستحکم بنانے کے لیے ہم تعلیمی سیشنز کا آغاز کر رہے ہیں۔

**شرحِ اموات کے جائزوں اور بیرونی بینچ مارکنگ کے ذریعے سیکھنے کے عمل کو مستحکم بنانا**

- **سفارش:** یہ یقینی بنایا جائے کہ قبل و بعد از پیدائش شرحِ اموات کی جانچ کے ٹول (PMRT) کے عملی منصوبے وقت کی حد کے پابند، قابل پیمائش ہوں اور بیرونی طور پر ان کا جائزہ لیا جا سکے۔
- **پیش رفت:** ہم نے اپنے طریقوں کو مستحکم بنایا ہے اور اپنے ڈیجیٹل حفاظتی سسٹم (Datix) کے ذریعے انہیں ٹریک کریں گے۔ ہمارے ٹرسٹ کے حفاظتی اور تجرباتی جائزہ گروپ میں LMNS اور ICB کی جانب سے بیرونی نمائندگی موجود ہے۔
- **سفارش:** قبل و بعد از پیدائش حفاظتی اصلاحات کے عمل کو فروغ دینے کے لیے قومی MBRRACE ڈیٹا کے مطابق بینچ مارکنگ کا نفاذ کیا جائے
- **پیش رفت:** ہم اپنی باقاعدہ بینچ مارکنگ کا انعقاد کرتے ہیں اور ہمارے پاس پیرینیٹل ٹرانسفارمیشن پروگرام موجود ہے۔

**مدد اور معاونت**

اگر آپ کے سوال کا جواب نہیں دیا گیا، یا آپ مزید معاونت حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ درج ذیل عوامل سرانجام دے سکتے ہیں:

- اپنی نامزد دایہ سے بات کریں
- 0800 019 3282 پر فون کر کے ہماری **مریضوں کی مشورہ جاتی رابطہ سروس (PALS)** سے رابطہ کریں۔ معاونتی لائن پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک دستیاب ہے۔ اگر آپ ان اوقات کے دوران کال کرتے ہیں اور پیغام چھوڑنے کی ضرورت پڑتی ہے تو آپ کو ایک گھنٹے کے اندر واپس کال موصول ہو گی؛ اگر آپ اس وقت کے بعد کال کرتے ہیں، تو ٹیم کا کوئی ممبر اگلے دن صبح 9 بجے تک آپ کی کال کا جواب دے گا۔ اگر آپ میٹنگ کا انتظام کرنے کے لیے ای میل کے ذریعے ہم سے رابطہ کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، تو PALS کا ای میل ایڈریس درج ذیل ہے: ghn-tr.pals.gloshospitals@nhs.net۔
- گلوسٹرشائر کی زچگی اور نوزائیدہ امور کی شراکتی مجلس سے رابطہ کریں: www.glosmaternityvoices.nhs.uk
- ہمارے ویب پیج پر معاونتی تنظیمات کی وسیع رینج کا خاکہ پیش کیا گیا ہے